Pratham

سوچو بولو لکھو

مقصد : طلباء کے خود اعتمادی اور آزاد سوچ اور انفرادی صلاحیت میں اضافہ کرنا لکھنے کے لیے غلطی کرنا کیوں ضروری ہے۔ سیکنڈ چانس پروگرام میں شامل طلباء و طالبات میں خود اعتمادی کی کمی کے ساتھ ساتھ اظہار خیال کی کمی دیکھی جاتی ہے۔ اس لیے ان کی صلاحیت اور آزادانہ خیالات کے فروغ کے لیے یہ سرگرمی ضروری ہے۔

آپ کم از کم 5 منٹ تک کسی موضوع کے بارے میں سوچیں۔ جیسے میلہ، کوئی تقریب، بازار یا اسکول وغیرہ اس کے بعد آپ اپنے ذہن میں اس کے بارے میں الفاظ بنانا شروع کریں۔ اور ان الفاظ کو اپنی کاپی میں لکھنا شروع کریں اور جتنا چاہے لکھیں اور ان موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار اور لکھ سکتے ہیں۔ آپ کی ورک شیٹ میں کچھ عنوانات دیئے گئے ہیں ان عنوانات پر بتائے گئے طریقہ سے ان پر لکھنے کی مشق کریں۔